# جائزہ

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) درخت لگانا اسلام میں قرار دیا گیا ہے:

○ بہادُری ○ سخاوت ○ صدقہ ○ سچائی

(ب) رنی کوٹ کے قلعے کا کراچی سے فاصلہ ہے:

○ ۲۸۰ کلومیٹر ○ ۹۰ کلومیٹر ○ ۸۸۰ کلومیٹر ○ ۲۸ کلومیٹر

(ج) طور کلو اِس پھل کی ایک قِسم ہے:

○ آم کی ○ سیب کی ○ کیلے کی ○ کھجور کی

(د) پاکستان میں پھلوں اور خشک میووں کا سب سے بڑا مرکز ہے:

○ کراچی ○ لاہور ○ کوئٹہ ○ پشاور

(ہ) طبعی ماحول میں ہمیں آکسیجن حاصل ہوتی ہے:

○ پانی سے ○ درختوں سے ○ بادل سے ○ مٹّی سے

۲۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

(ا) ہمیں جانوروں سے کس طرح پیش آنا چاہیے؟

(ب) رَنی کوٹ قلعے کو کِس ادارے نے اپنی فہرست میں شامل کیا ہے؟

(ج) قلعے کیوں بنائے جاتے تھے؟

(د) کاریز کیا ہے؟

(ہ) لوگ گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے کوئٹہ کیوں جاتے ہیں؟

۳۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔

| اُوپر | چھوٹا | ٹھنڈا | اندھیرا | دن |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

۴۔ درج ذیل زمانہ حال کے جملوں کو زمانہ ماضی اور مستقبل میں تبدیل کیجیے۔

| زمانہ حال | زمانہ ماضی | زمانہ مستقبل |
|---|---|---|
| میں کھیل رہا ہوں | | |
| راشد اسکول میں پڑھتا ہے | | |


OXFORD UNIVERSITY PRESS

۵۔ ’ماحول کی حفاظت‘ سے متعلق تین تجاویز لکھیے یا ’میرا باغ‘ کے عنوان سے دس جملوں کی ایک کہانی لکھیے۔